

Save Life..!

Ask For

1. Thalassaemia Carrier Screening

Test *Today* &

2. Ask for Information About other Genetic Disorders

پنجاب تھیلیسیمیا اینڈ اَدر جنیٹک ڈس آرڈرز پریوینشن اینڈ ریسرچ انسٹیٹیوٹ

PUNJAB THALASSAEMIA AND OTHER GENETIC DISORDERS PREVENTION AND RESEARCH INSTITUTE

تھیلیسیمیا اور دیگر موروثی بیماریوں کے خاتمے کے لئے حکومت پنجاب نے "پنجاب تھیلیسیمیا اور دیگر جنیاتی بیماریوں کی تشخیص اور تحقیق انسٹیٹیوٹ" کا قیام عمل میں لایا ہے۔

اس ادارے کا ہیڈ آفس فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی / سرگنگارام ہسپتال میں قائم کیا گیا ہے۔

اس ادارے کے تحت پنجاب بھر میں تھیلیسیمیا اور دیگر موروثی بیماریوں سے بچاؤ اور خاتمے کی مکمل سہولیات مفت فراہم کی جاتی ہیں۔ جن میں تھیلیسیمیا کا بلڈ ٹیسٹ (Carrier Screening) جنیاتی مشاورت (Genetic Counseling) تشخیص قبل از پیدائش (Prenatal Diagnosis) شادی سے قبل تھیلیسیمیا کا ٹیسٹ (Pre-Marital Screening) اور ڈی۔این۔اے لیب (DNA Lab)

8. ریجنل سنٹرز/علاقائی سنٹرز (Regional Centers)

پنجاب تھیلیسیمیا اینڈ اَدر جنیٹک ڈس آرڈرز پریوینشن اینڈ ریسرچ انسٹیٹیوٹ اس وقت پنجاب کے مندرجہ ذیل 36 اضلاع میں اپنی خدمات سرانجام دے رہا ہے۔

ہیڈ آفس

فرسٹ فلور، او۔پی۔ڈی۔ بلڈنگ گیٹ نمبر ۵ سرگنگارام ہسپتال لاہور
042-99202644-5

راولپنڈی

ہولی فیملی ہسپتال، راولپنڈی 051-9290379 / 0333-5475682

بھاولپور

بون میرو ٹرانسپلانٹیشن سینٹر، نزد سپورٹس کمپلیکس غازی ہال بہاول وکٹوریہ ہسپتال
062-9330006 / 0306-9766807

ڈیرہ غازی خان

نیفرالوجی ڈیپارٹمنٹ، نیو بلڈنگ، ٹیچنگ ہسپتال، ڈیرہ غازی خان
064-9260115 / 0331-5471617

سرگودھا

فرسٹ فلور، ڈی ایچ کیو ہسپتال، سرگودھا۔ 0301-4178459 / 0333-4767073

ملتان

گیٹ نمبر ۳، پرانا بلڈ بنک پیتھالوجی ڈیپارٹمنٹ نشتر میڈیکل کالج اینڈ ہسپتال
061-9201288 / 0304-1095109

فیصل آباد

گورنمنٹ جنرل ہسپتال، غلام محمد آباد، فیصل آباد 041-9330212 / 0321-4927850

گوجرانوالا

پیڈز او پی ڈی، فرسٹ فلور، ڈی ایچ کیو ہسپتال، گوجرانوالا 0345-6801880 / 0302-4087331

ساہیوال

ڈیپارٹمنٹ آف انٹومولوجی، ساہیوال میڈیکل کالج، میڈیکل کالج روڈ، ساہیوال 0322-5904661

پنجاب تھیلیسیمیا اینڈ اَدر جنیٹک ڈس آرڈرز پریوینشن اینڈ ریسرچ انسٹیٹیوٹ

فرسٹ فلور آؤٹ ڈور بلڈنگ گیٹ نمبر ۵،
سرگنگارام ہسپتال، فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی، لاہور۔
Ph: 042-99202644-5

ہے۔ اگر آپ اپنے سکول کالج یا کسی بھی آرگنائزیشن میں آگاہی لیکچر یا سیمینار پر ہمارے سٹاف کو بلانا چاہتے ہیں تو ہم سے رابطہ کریں۔ ہم یہ سہولت مفت فراہم کرنے کے لئے ساتھ آگاہی میٹریل تقسیم کرتے ہیں۔

7. دیگر موروثی بیماریاں

تھیلیسیمیا کی طرح اور بھی کئی قسم کی جنیاتی (موروثی) بیماریاں پیداء ہوتی ہیں۔ ان بیماریوں کا علاج بہت پیچیدہ مہنگا اور تقریباً ناممکن ہوتا ہے، لیکن ان بیماریوں سے بچاؤ بہت ممکن ہے۔ PTGD ان جنیاتی بیماریوں سے بچاؤ اور تحقیق کا ادارہ ہے۔ PTGD کا عملہ جو کہ پنجاب کے 36 اضلاع میں موجود ہے اور ان جنیاتی بیماریوں سے بچاؤ کے لئے خدمات مہیا کر رہا ہے۔

دیگر جنیاتی بیماریوں سے بچاؤ کے لئے ضروری ہے کہ ان خاندانوں کی نشاندہی کی جائے جہاں پہلے سے ایک بیمار بچہ موجود ہے تاکہ انہیں مندرجہ ذیل سہولیات دی جا سکیں

کیریئر سکریننگ، پرینیٹل سکریننگ، تشخیص قبل از پیدائش (سی وی ایس) اور جنیاتی مشاورت دیگر جنیاتی بیماریاں کس طرح تشخیص کی جاسکتیں ہیں۔

1. اگر خاندان میں پہلے جنیاتی بیماری کا شکار بچہ موجود ہے۔
2. بچے کا مکمل معائنہ، لیبارٹری تشخیص اور جنیاتی تشخیص DNA ٹیسٹ ہونا ضروری ہے تاکہ بیماری کی حتمی تشخیص کی جاسکے۔
3. بیماری کا معلوم ہونے کے بعد والدین کو اس وراثتی بیماری کی تقسیم Inheritance Pattern بتایا جاسکتا ہے۔ تاکہ آئندہ زندگی میں ایک صحت مند بچے کی پیدائش ممکن ہوسکے۔

اگر آپ ان سہولیات سے فائدہ اُٹھانا چاہتے ہیں تو اپنے ضلع کے ریجنل آفس اور فیلڈ آفیسر (FO) سے رابطہ کریں اور مزید معلومات حاصل کریں۔

تھلیسیمیا کیا ہے؟

تھلیسیمیا خون کے اس مرض کو کہتے ہیں جس میں اعلیٰ اور معیاری خون نا کافی مقدار میں بنتا ہے تھلیسیمیا خون کے سرخ خلیوں میں موجود ہیموگلوبن کا پیدائشی (بناوٹی) نقص ہے۔

تھلیسیمیا کی اقسام

تھلیسیمیا میجر

یہ خون کی خطرناک بیماری ہے اس مرض میں مبتلا مریضوں کو وقفہ وقفہ کے بعد خون لگانے کی ضرورت پڑتی ہے۔ اگر ان مریضوں کو بروقت خون فراہم نہ کیا جائے تو ان میں مزید پیچیدگیاں پیدا ہو سکتی ہیں۔

تھلیسیمیا انٹرمیڈیا

یہ تھلیسیمیا کی درمیانی قسم ہے جس میں ہیموگلوبن 7-9gm/dL کے درمیان رہتا ہے اور مریض کی خون لگوانے کی ضرورت تھلیسیمیا میجر کے مقابلے میں کم ہوتی ہے۔ تاہم ان میں پیچیدگیاں پیدا ہو سکتی ہیں۔

تھلیسیمیا مائنر

جو لوگ والدین میں سے ایک فرد سے ابنارمل اور دوسرے سے نارمل جین حاصل کرتے ہیں انہیں کیریئر یا تھلیسیمیا مائنر بھی کہتے ہیں۔ ان میں بیماری کی کوئی علامت نہیں ہوتی لیکن یہ ابنارمل جین اپنے بچوں کو وراثت میں دے سکتے ہیں۔

تھلیسیمیا کیسے ہوتا ہے؟

ہر انسان میں اپنے جسم کے مختلف اعضاء بنانے کے لیے دو جینز ہوتی ہیں۔ جو اسے اپنے والد اور والدہ سے ورثے میں ملتی ہیں۔ یہ دو نارمل جینز جسم کی بناوٹ اور نشوونما کے ذمہ دار ہوتے ہیں۔ خون کے سرخ خلیوں میں موجود ہیموگلوبن بنانے کے لیے بھی دو جینز ایک ماں اور ایک باپ سے ورثے میں بچے کو منتقل ہوتی ہیں اگر ایک ابنارمل جین اور ایک نارمل جین بچے کو منتقل ہوتا ہے انہیں کیریئر کہتے ہیں اس طرح اگر ایک بچہ اپنی ماں اور باپ دونوں سے ابنارمل جین لیتا ہے تو اس کو تھلیسیمیا میجر کہتے ہیں۔

تھلیسیمیا سے کیسے بچا جاتا ہے؟

1. کیریئر سکریننگ Carrier Screening

اس بیماری سے بچاؤ کا واحد حل یہ ہے کہ جس شخص میں یہ ایک ابنارمل جین موجود ہے۔ (کیریئر) اس کی شناخت کی جائے اس شناخت کے عمل کو کیریئر سکریننگ کہتے ہیں۔ یہ ٹیسٹ ہر اس شخص کو کروانا چاہیے جو اپنی آنے والی نسلوں کو اس بیماری سے بچانا چاہتا ہے پی ٹی جی ڈی میں یہ خون کا سادہ ٹیسٹ Hb. Electropharesis مفت کیا جا رہا ہے اور ہمارے فیلڈ آفیسر Field Officer اپنے متعین کردہ شہر میں تھلیسیمیا سے متاثرہ سارے خاندانوں سے گھر گھر جا کر سیمپلز Samples اکٹھے کر رہے ہیں۔

2. جنیاتی مشاورت Genetic Counselling

اس سے مراد تھلیسیمیا میجر کے خاندانوں کو اس مرض کے بارے میں آگاہی فراہم کرنا ہے اور ان کو اس سے بچاؤ کے طریقے بتاتا ہے۔ پی ڈی جی ڈی کے فیلڈ آفیسر (FO) پورے پنجاب میں یہ سہولت مفت فراہم کر رہے ہیں۔ یہ لوگ مختلف ہسپتالوں، ٹریٹمنٹ سینٹرز میں تھلیسیمیا میجر کے مریض کے خاندان کو اس مرض سے بچاؤ کے سارے طریقے بتا رہے ہیں۔ اور اس جنیاتی مشاورت سے ان لوگوں کے ذہنوں میں اس مرض کے بارے میں آنے والے سوالات کے جوابات مل جاتے ہیں اگر آپ بھی اس سے متعلق جنیاتی مشاورت حاصل کرنا چاہتے ہیں تو اپنے قریبی ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں موجود ہمارے فیلڈ آفیسر سے رابطہ کریں۔ اور اپنی آنے والی نسلوں کو اس مہلک بیماری سے بچائیں۔

3. تشخیص قبل از پیدائش (Prenatal Diagnosis by CVS Sampling)

تشخیص قبل از پیدائش بذریعہ سی وی ایس

ایک ایسا ٹیسٹ ہے جو اُمید کی کرن ہے ان لوگوں کے لئے جو میاں بیوی دونوں تھلیسیمیا مائنر ہیں۔ اس ٹیسٹ کی مدد سے تھلیسیمیا مائنر جوڑے تندرست اور تھلیسیمیا سے محفوظ بچے پیدا کر سکتے ہیں اور اس جوڑے کے حمل میں 25% تھلیسیمیا میجر، 50% تھلیسیمیا مائنر اور 25% نارمل بچے کی پیدائش کا چانس ہوتا ہے۔ اور CVS ٹیسٹ سے ہم پتہ لگا سکتے ہیں، کہ آنے والا بچہ کیسا ہو گا۔ PTGD میں اس ٹیسٹ کی سہولت مفت فراہم کی جا رہی ہے۔

4. CVS ٹیسٹ کا طریقہ کار

اس ٹیسٹ کے لئے 11-13 ہفتے کے حمل میں Placenta (آنول) کا Sample لیا جاتا ہے۔ جیسے ماں باپ کے خون کے ساتھ ملا کر چیک کیا جاتا ہے۔ اس ٹیسٹ سے وہ لوگ فائدہ اٹھا سکتے ہیں جو شادی سے پہلے ٹیسٹ نہیں کروا سکے اور دونوں تھلیسیمیا مائنر ہیں۔ ایسے لوگوں کے لئے ہر حمل میں یہ ٹیسٹ کروانا لازم ہے۔

5. شادی سے قبل تھلیسیمیا کا ٹیسٹ

ہر غیر شادی شدہ مرد اور عورت کو شادی سے پہلے اور ہر حاملہ عورت کو حمل کے ابتدائی دو ہفتوں میں ایک سادہ خون کا ٹیسٹ کروا کے پتہ کر لینا چاہیے کہ وہ تھلیسیمیا مائنر تو نہیں PTGD میں اس ٹیسٹ کی سہولت سے مندرجہ ذیل لوگ فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

(الف)۔ وہ مرد و خواتین جن کی ابھی شادی نہیں ہوئی۔

(ب)۔ حاملہ خواتین

(ج)۔ ایسے جوڑے جن کی شادی کو تھوڑا ہی عرصہ گزرا ہے۔

(د)۔ ایسے لوگ جن کے بچے ابھی چھوٹے ہیں۔

6. تھلیسیمیا سے آگاہی مہم

PTGD کا سٹاف سکول و کالجوں، یونیورسٹیوں، ہسپتالوں اور دیہاتوں میں جا کر لوگوں کو اس مرض سے آگاہی فراہم کر رہا ہے۔ اور اس سے بچاؤ کے طریقے بتا رہا